# شعبہ مدرسۃ المدینہ (Boys)

## Madrasah-tul-Madinah For Boys




# SOP'S

## STANDARD OPERATING PROCEDURES




Compliance & Documentation Department(Paskistan Mushawrat Office)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

**فرمانِ مصطفٰے** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔( المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث:5942، ج6،ص185)

**فرمانِ امیرِ اہلسنّت** دامت برکاتھم العالیہ ۔مدرِس پڑھانے میں خواہ کتنا ہی ماہر ہو، بے شک اسکی کلاس پڑھائی کے مُعاملے میں اوّل آتی ہو مگر میرے نزدیک وُہی مدرِّس کامیاب ہے جو "دعوتِ اسلامی" کے دیئے ہوئے مَدَنی ذِہن کے مطابق طَلَبہ کی اَخلاقی تربیّت کرنے میں بھی کامیاب رہے۔(رہنمائے مدرسین و ص8تا13)

**دعوت اسلامی کا مدنی مقصد**(Vision of Dawat-e-Islami)۔مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم

1. **تعارف**(Introduction)
2. **بنیادی کام**(Core Activities)
3. **دینی کام**(Religious Activities)
4. **ڈیٹا و رپورٹنگ**(Data & Reporting)

## 1. **تعارف**(Introduction)

### 1.1 **شعبے کے اغراض و مقاصد** (Departmental Objectives)

1.1.1. مدنی مرکز کے دیئے ہوئے مدنی پھولوں کے مطابق طلباء کو صحیح تلفظ کے ساتھ قرآنِ پاک (حفظ و ناظرہ) کی تعلیم دینا اور ان کے سرپرست و متعلقین کو دعوت اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ (Connect) کرنا۔


### 1.2 **دائرہ کار** (Scope)

1.2.1. پاکستان بھر میں شعبے کے طے شدہ کاموں کو ان کے اہداف(Targets)کے مطابق مکمل کرنا۔

### 1.3 **تنظیمی ڈھانچہ**(Organogram)

**»رکنِ شوریٰ» نگران مجلس» ذیلی شعبہ نگران مجلس» صوبائی ذمہ دار» ڈویژن ذمہ دار**

**نوٹ:** مُدرس: حِفظ کی کلاس 25, رہائشی حِفظ کی کلاس 28, ناظرہ کی کلاس 30تا35 اور شارٹ ٹائم کی کلاس 25 بچوں پر مشتمل ہو گی۔ ناظم: 3کلاسز پر ناظم اور 25سے 30 مدارس پر ڈسٹرکٹ/ٹاؤن یا تحصیل ذمہ دار کا تقرر ہوگا۔




### 1.4 **ذیلی شعبہ جات:**

1.4.1. (1) نظامت کورس + ٹیچر ٹریننگ سنٹر (2) کنز المدارس بورڈ(3) فیڈ بیک و مینٹیننس(Feedback & Maintenance)(4) فنانس ڈیپارٹمنٹ،(5)مدرسۃ المدینہ HR (اجارہ) (6) شعبہ تعلیم(7) 12دینی کام(8)خود کفالت(9) تحفظ اثاثہ جات(10)سکول سسٹم(11)-IT(آئی ٹی) (12)کارکردگی(13)ٹیسٹ مجلس فرض علوم۔

## 2. بنیادی کام(Core Activities):

### 2.1. نیا مدرسۃ کھولنے کی شرائط:

2.1.1. شعبے سے متعلقہ رکنِ شوریٰ، صوبوں سے متعلقہ رکنِ شوریٰ اور جو اراکینِ شوریٰ صوبائی نگران بھی ہیں، ان کی اجازت لینا۔

2.1.2. ایک سال کے اخراجات (سیلری، یوٹیلیٹی بلز، کچن کے متوقع اخراجات) فنانس ڈیپارٹمنٹ میں پیشگی جمع کروانا۔

2.1.3. ادارے کی تعمیرات کسی اہلِ محبت/ڈونر کے ذریعے کروانا۔

2.1.4. مدرسۃُ المدینہ(Boys) کے ہر پلاٹ/عمارت کے مکمل کاغذات (Documents) پراپرٹی ڈیپارٹمنٹ کے طریقِ کار کے مطابق دعوتِ اسلامی کے نام کروانا اور کنسٹرکشن ڈیپارٹمنٹ(Construction Dept) کے ذریعے تعمیرات کروانا۔

### 2.2. پہلے سے جاری مدرسہ:

2.2.1. پہلے سے جاری مدرسہ دعوتِ اسلامی کے سپُرد کیا جائے تو اس کے تمام انتظامات و تعلیمی معاملات مدنی مرکز کے دِیے گئے طریقِ کار کے مطابق کرنا۔

### 2.3. داخلے(Admission):

2.3.1. مدرسۃالمدینہ(Boys) میں طلباء کو داخل کرنا۔

2.3.2. مدرسۃالمدینہ(Boys) میں طلباء کی تعداد بڑھانے کی کوشش کرنا۔

### 2.4. جائزہ:۔

2.4.1. مدرسۃالمدینہ(Boys) کی کلاسز کا جائزہ لینا۔

### 2.5. انتظامات:

2.5.1. موسم کے مطابق مدرسۃالمدینہ (Boys) میں پنکھے/ہیٹر وغیرہ کا انتظام کرنا۔

2.5.2. بجلی کے متبادل (سولر سسٹم، یو پی ایس، جنریٹر وغیرہ کا) انتظام کرنا۔

2.5.3. مدرسۃالمدینہ(Boys) میں صفائی کے انتظامات کو منظّم(Organize) کرنا۔

2.5.4. مدرسۃالمدینہ(Boys) میں آنے والے سرپرست و عاشقانِ رسول کے بیٹھنے کے لئے مناسب انتظام کرنا۔

### 2.6. اخلاقی تربیت:

2.6.1. طلباء کو قرآنِ کریم کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاقی تربیت (Moral Training) کرنا اور نمازی و عاشقِ رسول بنانے کی کوشش کرنا۔

### 2.7. پمفلٹ یا تحریر:

2.7.1. کوئی بھی پمفلٹ، تحریر اور فارم وغیرہ مجلس کی اجازت(Permission) کے ساتھ شرعی رہنمائی کے بغیر نہ چھاپنا۔

### 2.8. داخلہ منسوخ کرنے کا اختیار:

2.8.1. مدرسۃُ المدینہ(Boys) کے طلباء کو خارج کرنے کا اختیار مُدرسین کو نہیں، اگر کہیں ایسی صورت ہو تو ناظم صاحب ڈسٹرکٹ/ڈویژن ذمہ دار سے مشورہ کرنے کے بعد داخلہ منسوخ کر سکتے ہیں۔

### 2.9. تعلیمی و امتحانی جدول:

2.9.1. تعلیمی و امتحانی جدول، مدرسۃُ المدینہ(Boys) ہی طے کرے گا۔

Pakistan Mushawrat Office

## 2.10. کتب ورسائل:

2.10.1. مدرسۃالمدینہ (Boys)کے طلباء کو مکتبۃ المدینہ کی کتب ورسائل خریدنے کی ترغیب دلانا۔

## 2.11. تفتیش:

2.11.1. مدرسۃُالمدینہ (Boys) میں ہر 12 ماہ کے اندر طے شدہ جدول کے مطابق ہر کلاس کی کم از کم 3 مرتبہ تفتیش(Checking) کروانا۔

## 2.12. یونیفارم:

2.12.1. مدرسۃُالمدینہ (Boys)کے طلباء کامدرسے کے یونیفارم ہی میں ہونالازمی (Compulsory) ہے۔

## 2.13. نیاکام/تبدیلی:

2.13.1. شعبے میں کوئی بھی نیاکام یا تبدیلی مجلس کی تحریری اجازت سے کرنا۔

## 2.14. فائنل امتحان:۔

2.14.1. ہر ماہ قرآن کریم ناظرہ وحفظ مکمل کرنے والے طلباء کے فائنل امتحانات(Final Examination) لینا۔

2.14.2. فائنل امتحانات میں کامیاب ہونے والے طلباء کو کنزالمدارس بورڈ کی طرف سے اسناد مہیا(Provide) کرنا۔

2.14.3. **کلاس برائے حفظ(8 گھنٹے):** سالانہ 5 بچوں کے حفظِ قرآن کریم کی تکمیل پر بہتر اور سالانہ 7 بچوں کی تکمیل پر ممتاز کیفیت ہوگی۔

2.14.4. **کلاس برائے ناظرہ(8 گھنٹے):** سالانہ 16 بچوں کے ناظرۂ قرآن کریم کی تکمیل پر بہتر اور سالانہ 20 بچوں کی تکمیل پر ممتاز کیفیت ہوگی۔

2.14.5. **کلاس برائے شارٹ ٹائم:** سالانہ 7 بچوں کے ناظرہ قرآن پاک کی تکمیل پر بہتر اور 8 بچوں کی تکمیل پر ممتاز کیفیت ہوگی۔

## 2.15. مخلوط تعلیمی نظام کی اجازت نہیں:۔

2.15.1. قاری صاحب بچیوں کو یا اسلامی بہن بچوں کو نہیں پڑھا سکتے اور نہ ہی کہیں مخلوط تعلیمی نظام (Co-education) کی اجازت ہے۔(وہ قاری صاحبان جو گھروں پر ٹیوشن وغیرہ پڑھاتے ہیں،وہ ہر گز،ہر گز،ہر گزاسلامی بہنوں یا بچیوں کو نہ پڑھائیں)

## 2.16. تقسیم اسناد اجتماعات:۔

2.16.1. ناظرہ اور حفظ مکمل کرنے والے طلباء میں اسناد کی تقسیم کے لئے ہر سال ہونے والے تقسیم اسناد اجتماع کااہتمام کرنا،انتظامی معاملات دیکھنا، تشہیر (پینا فلیکسز/بینرز/تشہیری کارڈز/سوشل میڈیا پر پوسٹ کے ذریعے) کرنااور سرپرست واہل علاقہ کے بااثر افراد کی شرکت(Participation) کروانا۔

## 2.17. ویب سائٹ:۔

2.17.1. مدرسۃالمدینہ کی ویب سائٹ(madrasatulmadina.net)اپڈیٹ رکھنا۔

## 2.18. جدول(Schedule):۔

2.18.1. اپناپیشگی (Advance) وعملی(Practical)جدول،جدول(Schedule)جدول سوفٹ ویئر میں انٹر کرنا۔

2.18.2. ضرورتاً تبدیلی کی صورت میں اپنے نگران کی اجازت(Permission)سے جدول سوفٹ ویئر میں اپ ڈیٹ کرنا۔

### پیشگی جدول کی تاریخیں

| سطح | عیسوی تاریخ | سطح | عیسوی تاریخ |
|---|---|---|---|
| نگرانِ مجلس | 17,18 | ڈویژن ذمہ داران | 21,22 |
| صوبائی/سٹی ذمہ داران | 19,20 | ڈسٹرکٹ/میٹروپولیٹن ذمہ داران | 23,24 |

## عملی جدول کی تاریخیں

| سطح | عیسوی تاریخ |
|---|---|
| تمام ذمہ داران | 1,2,3 |

### 2.19 مدنی مشورے(Meetings):۔

2.19.1 مدنی مشوروں کی پیشگی اطلاع(Advance Inform) کرنا۔

2.19.2 مدنی مشوروں کیلئے شرکاء کی تعداد کے مطابق پیشگی انتظامات(Advance Arrangements) کروانا اور طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مدنی مشورے کرنا۔

2.19.3 مدنی مشورے کے 19 مدنی پھول اور پاکستان مشاورت آفس سے جاری ہونے والے مدنی پھول پڑھ کر سنانا۔

2.19.4 جدول اور کارکردگی کا جائزہ لینا، اچھی کارکردگی پر حوصلہ افزائی(Encouragement) اور کمزور کارکردگی پر توجہ دلانا۔

2.19.5 مدنی مشورے میں طے ہونے والے اہداف تحریر کرنا، ذمہ داران کو سینڈ کرنا، فالواپ کرنا اور اہداف(Targets) پورا کرنے کی ترغیب(Motivation) دلانا۔

**مدنی مشوروں کا طے شدہ نظام دیکھنے کے لئے آخری صفحے(Last Page) پر فائل ملاحظہ فرمائیے۔**

### 2.20 تقرّری/تبدیلی(Appointments/Transfers) :۔

2.20.1 ذمہ داران کی تقرری پوری رکھنا ، غیر فعال(Non-Active) کو فعال(Active) کرنا، ضرورتاً ذمہ دار کی تبدیلی طے شدہ طریقہ کار(Set Method)کے مطابق کرنا اور ذمہ داران کی تقرری/تبدیلی کا ڈیٹا اپ ڈیٹ رکھنا۔

2.20.2 شعبہ ذمہ دار کی تبدیلی/ تقرری اُس تنظیمی سطح کے نگرانِ مشاورت اور اُس سے بڑی سطح کے شعبہ ذمہ دار کی باہمی مشاورت (Mutual Consultation) و اجازت سے ہوگی۔ (مثلاً تحصیل مدرستہ المدینہ (Boys)ذمہ دار کی تبدیلی/ تقرری تحصیل نگران اور ڈسٹرکٹ مدرستہ المدینہ (Boys)مشاورت سے ہوگی)

### 2.21 ملاقات وانفرادی کوشش(Meeting & Individual Effort):۔

2.21.1 شعبے سے متعلقہ افراد (سرپرست) و دیگر عاشقان رسول سے ملاقات کرنا اور انفرادی کوشش کے ذریعے ان کو دعوت اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ کرنا۔

### 2.22 دعوت اسلامی کے چند شعبہ جات:۔

2.22.1 طلباء و سرپرست(Guardians) کو دعوتِ اسلامی کی ڈیکومنٹری، دِینی کاموں، مدنی چینل اور اس کے سلسلوں (احکامِ تجارت، ہفتہ وار مدنی مذاکرہ، بچوں کے لئے اصلاحی کارٹون وغیرہ)، ویب سائٹ، ڈیجیٹل ایپس اور شعبہ جات (مکتبۃ المدینہ، سوشل میڈیا، FGRF، روحانی علاج، فیضان آن لائن اکیڈمی اور دارالافتاء اہلسنت وغیرہ) کا تعارف کروانا۔

### 2.23 مدنی چینل:۔

2.23.1 طلباء، سرپرست و دیگر عاشقانِ رسول کے گھروں میں مدنی چینل چلوانا اور روزانہ کم از کم ایک گھنٹہ 12 منٹ دیکھتے رہنے کا ذہن(Mindset) بنانا۔

### 2.24 وزٹ:۔

2.24.1 بااثر افراد(Influential Personalities) کو دعوتِ اسلامی کے فیضان مدینہ (مدنی مراکز)، جامعات المدینہ، مدارس المدینہ، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنّت، کا وزٹ کروانا نیز ان مواقع کی ریکارڈنگ کرکے مدنی چینل کو بھیجنا۔

2.25. **خود کفالت**(Self-Sufficiency):۔

2.25.1. شعبے کو ماہانہ کی بنیاد پر 100%خود کفیل(Self-Sufficient) کرنے کیلئے کوشش کرنا اور اہداف مقرر کرنا۔(زائد اخراجات کو کم کرنا/مالِ وقف کی اشیاء کی حفاظت مثلاً فون اور بجلی وغیرہ کے استعمال میں احتیاط کرنے سے بھی خود کفالت میں بہتری ممکن(Possible) ہے)

2.25.2. مدرسۃُالمدینہ کے ذریعے جو بھی عطیات اکٹھے ہوں، وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کو جمع کروانا، طے شدہ اخراجات فنانس ڈیپارٹمنٹ سے گوشوارہ دے کر حاصل کرنا،اپنے طور پر عطیات جمع کرکے خرچ کرنے کی اجازت نہیں۔مدرسے کے اِردگِرد کے بازار،دکانوں وغیرہ میں جو عطیات بکس لگائے جائیں اس کی ترکیب شعبہ عطیات بکس(Donation Box)ہی کرے گا۔

2.25.3. ناظمِ مدرسہ کے دفتر میں دعوتِ اسلامی کے عطیات بکس رکھوانا۔

2.25.4. مدرسے کے اطراف کے بازاروں، دکانوں وغیرہ میں عطیات بکس رکھوانا۔

2.25.5. مُدرسین کو مدرسہ خود کفیل(Self-Sufficiency) کرنے کے اقدامات (مثلاً ڈونیشن سیل/ڈونیشن کاؤنٹر/گھریلو صدقہ بکس/عطیات بکس/ماہانہ عطیات وغیرہ) سے مکمل آگاہ کرنا۔

## 3. **دینی کام**(Religious Activities)

3.1. 12 **دینی کام**(12 Religious Activities):۔

1۔فجر کیلئے جگائیں 2۔ تفسیر سننے سنانے کا حلقہ 3۔درس 4۔مدرسۃالمدینہ بالغان 5۔ہفتہ وار اجتماع 6۔ہفتہ وار مدنی مذاکرہ 7۔علاقائی دورہ 8۔ایک دن راہِ خدا میں 9۔ہفتہ وار رسالہ مطالعہ 10۔نیک اعمال 11۔ قافلہ 12۔مدنی کورسز

- **درس:** مدرسۃُالمدینہ (Boys) کے طلباء اور دیگر مدنی عملہ کلاس سطح پر روزانہ درس کا اہتمام کرنا۔
- **ہفتہ وار اجتماع:** ہفتہ وار اِجتماع کیلئے مدرسۃالمدینہ(Boys) سے گاڑیاں چلوانا اور طلباء اور ان کے سرپرستوں کے ساتھ ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کرنا۔
- **نیک اعمال:** روزانہ کلاس سطح پر ظہر کے بعد جائزہ (نیک اعمال کا رسالہ پُر(Fill)) کرنا اور ہر ماہ کے شروع میں وصول کرنا۔
- **قافلہ:** جدول کے مطابق ہر ماہ قافلے میں سفر کروانا۔(قافلے میں سفر کرنے والے عاشقانِ رسول کی کم از کم عمر22سال ہے،البتہ 10 سے 21سال کے اسلامی بھائی کے والد یا سگے بڑے بھائی قافلے میں سفر کریں تو وہ بھی ان کے ساتھ سفر کرسکتا ہے،12/10سال کا طالب علم جس قافلے میں اپنے والد یا بڑے بھائی کے ساتھ سفر کر رہا ہو،اس قافلے میں دوسرے طالب علم کو سفر نہ کروایا جائے تاکہ سنجیدگی برقرار رہ سکے)

3.2. **بااثر افراد کے گھروں پر اجتماعات**(Congregation At Personality/Celebrity Home):۔

3.2.1. سرپرست حضرات و دیگر بااثر افراد(Influential Personalities)کے گھروں پر اجتماع میلاد، اجتماعِ/محفل غوثیہ اور دعائے افطار اجتماعات کرکے خوب خوب نیکی کی دعوت کو عام کیا جاسکتا ہے(ایک گھر پر اجتماع کرکے کئی بااثر افراد سے روابط قائم کیے جاسکتے ہیں) اجتماع کے اختتام پر تحائف (کاؤنٹر تسبیح، مکتبۃالمدینہ کی کتب و رسائل وغیرہ) تقسیم کئے جائیں اس کے لئے میزبان کو پہلے سے ذہن(Mindset) دے کر مکتبۃالمدینہ سے کتب و رسائل وغیرہ پیشگی منگوا کر رکھ لیے جائیں۔

جدول:تلاوت:5 منٹ، نعت:5 منٹ، بیان: 19 تا26 منٹ، دعا:5 منٹ، سلام: 3 منٹ، ملاقات و انفرادی کوشش: کل دورانیہ تقریباً 41 منٹ

### 3.3. خوشی وغمی کے مواقع:۔

3.3.1. شعبے سے وابستہ طلباء، سابقہ حفاظ، سرپرست اور دیگر بااثر افراد کی خوشی و غمی کے مواقع(Moments)شادی، ولادت وغیرہ پر مبارک باد دینا نیز فوتگی، بیماری وغیرہ پر تعزیت و عیادت کرنا اور شعبہ کفن دفن(Funeral Services) کی معاونت(Help) سے غسل میت، جنازہ وتدفین، سوئم، چہلم و برسی کے مواقع پر خدمات پیش کرنا۔

### 3.4. گھروں میں دینی ماحول(Creating Religious environment in Home):۔

3.4.1. شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد کے گھروں میں دینی ماحول بنانے کے لئے اِن کے گھر کی اسلامی بہنیں ،اسلامی بہنوں کے اجتماع میں شرکت کریں نیز ان کے بچوں اور بچیوں کو جامعۃالمدینہ/مدرسۃالمدینہ/فیضان آن لائن اکیڈمی/دارالمدینہ و فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ (Admission)دلوایا جائے۔

### 3.5. سنتوں بھرے اجتماعات(Sunnah Inspired Congregations):۔

3.5.1. عاشقانِ رسول کے سنتوں بھرے اجتماعات مثلاً ہفتہ وار اجتماعات ،بڑی راتوں کے اجتماعات میں طلبہ ،مدرسین، ناظمین و دیگر اسٹاف وغیرہ کی شرکت کرنا/کروانا اور شعبے کے تحت ذمہ داران کے سنتوں بھرے اجتماعات کا انعقاد کرنا۔

**نوٹ:** جس بھی شعبے نے ایک یا زائد دنوں کے لیے ذِمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع کرنا ہوگا تو نگرانِ مجلس متعلقہ رکنِ شوریٰ کے ذریعے ڈائریکٹ نگرانِ پاکستان مشاورت سے اس کی اجازت لیں گے۔اجازت ملنے پر سنتوں بھرا اجتماع کیا جائے گا۔

### 3.6. بستے(Stalls):۔

3.6.1. ہفتہ وار اجتماعات ، خاص مواقع (Events) اور عاشقانِ رسول و ذمہ داران کے سنتوں بھرے اجتماعات میں طے شدہ طریقہ کار کے مطابق شعبے کا بستہ لگایا جائے۔ بستے پر موجود اسلامی بھائی ملنسار(Sociable)، خوش اخلاق اور یکساں توجہ دینے والا ہو۔ شعبے کا بینر (اسٹینڈی،Standee) بستے کے قریب رکھا جائے۔

**یاد رہے!** 1- بینر مسجد/فنائے مسجد میں کہیں فکس (Fix) نہ کیا جائے۔ 2- بینر کا مواد شرعی اور تنظیمی تفتیش کے بعد پرنٹ کروایا جائے۔

### 3.7. مرید یا طالب:۔

3.7.1. طلباء ،سرپرست و دیگر عملے کو امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کی دینی خدمات(Religious Services) سے آگاہ کرنا اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتھم العالیہ کا مرید یا طالب بننے کی ترغیب دلانا۔

Pakistan Mushawrat Office (Dawateislami)

## 4. ڈیٹا و رپورٹنگ(Data & Reporting):۔

### 4.1. شعبہ کی کارکردگی(Departmental Performance):۔

4.1.1. شعبے کی کارکردگی بنانا نیز دیگر کارکردگیاں طے شدہ فارمیٹ پر لینا، سابقہ کارکردگی سے تقابلی جائزہ(Comparative Analysis) لیتے رہنا اور ترقی و تنزلی پر ذمہ داران کی تربیت کرنا نیز تکمیلی جدول فارم کے مطابق سبق کی ماہانہ کارکردگی دینا۔

### 4.2. ریکارڈ(Record):۔

4.2.1. نئے داخل ہونے والے/چھوڑ جانے والے/مکمل کرکے جانے والے طلباء، موجودہ ناظرہ،حفظ کرنے والے طلباء،مدرسین، ناظمین اور دیگر مدنی عملے نیز مدارس المدینہ(Boys) کے ایڈریسز واثاثہ جات وغیرہ کی مکمل تفصیلات کی فہرستیں تیار کرنا،اپڈیٹ رکھنا، ریکارڈ محفوظ رکھنا اور نگران کو اپڈیٹ ریکارڈ پیش کرنا۔

4.2.2. سافٹ ویئر میں طلباء کا ریکارڈ ایڈ کرنا اور اپڈیٹ رکھنا۔

### 4.3. **اھداف** (Targets):۔

4.3.1. نگرانِ مجلس شعبے کے کاموں کے اہداف (Targets) طے کریں اور طے شدہ اہداف کو مکمل کرنے کی بھرپور کوشش فرمائیں۔

### 4.4. **فیڈبیک** (Feedback):۔

4.4.1. شعبے کے متعلق تنظیمی شکایات کو حل کرنا، آنے والی تجاویز (Suggestions) پر مشورہ کرنا اور ممکنہ صورت میں نافذ (Implement) کرنا/ کروانا۔

مشاورت آفس پاکستان
Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)

# شعبے کے مدنی پھول (SOP's)

## مدنی مشوروں کا نظام (برائے شعبہ جات ذمہ داران)

| نمبر شمار | مدنی مشورہ کرنے والے | سطح | شرکاء | مدنی مشورہ کب ہوگا؟ | دورانیہ (عِلاوہ نماز و طعام) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | پاکستان | نگرانِ مجلس (پاکستان) | رکنِ شوریٰ اپنے ہر نگرانِ مجلس کا ہر ماہ انفرادی (One To One) مدنی مشورہ فرمائیں گے۔ (بالمشافہ یا آن لائن ہونا رکنِ شوریٰ کی صوابدید پر ہے) | ہر مدنی مشورہ تقریباً 2 گھنٹے |
| 2 | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | پاکستان مجلس | شعبے کے صوبائی ذِمہ داران | رکنِ شوریٰ ہر 3 ماہ بعد شعبے کے صوبائی ذمہ داران کا بالمشافہ مدنی مشورہ فرمائیں گے۔ (ضرورتاً ایک وقت میں ایک سے زائد شعبہ جات کا مدنی مشورہ بھی ہو سکتا ہے) | 7 سے 8 گھنٹے |
| 3 | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | صوبہ | شعبے کے ڈویژن ذمہ داران (صوبہ وائز) | سال میں 2 بار | تقریباً 5 گھنٹے |
| 4 | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | صوبہ | صوبہ تا گاؤں ذمہ دار (جس شعبے کی جو آخری سطح ہو) (صوبہ وائز) | سال میں 1 بار | تقریباً 8 گھنٹے |
| 5 | نگرانِ مجلس (پاکستان) | پاکستان مجلس | صوبائی ذمہ داران | نگرانِ مجلس، ہر صوبائی ذمہ دار کا ہر ماہ بالمشافہ / آن لائن اِنفرادی (One To One) مدنی مشورہ کریں گے۔ (دوران جدول جن کا ممکن ہو بالمشافہ مدنی مشورہ کیا جائے، بقیہ کا آن لائن) | تقریباً 2 گھنٹے |
| 6 | نگرانِ مجلس (پاکستان) | پاکستان مجلس | صوبائی ذمہ داران | نگرانِ مجلس، 2 ماہ آن لائن اور ہر تیسرے ماہ بالمشافہ مدنی مشورہ کریں گے۔ | آن لائن 3 گھنٹے<br>بالمشافہ 7 سے 8 گھنٹے |
| 7 | نگرانِ مجلس (پاکستان) | صوبہ | صوبائی ذمہ دار + ڈویژن ذمہ داران (صوبہ وائز) | نگرانِ مجلس، ہر 3 ماہ بعد بالمشافہ مدنی مشورہ کریں گے۔ | 4 سے 5 گھنٹے |
| 8 | صوبائی ذمہ دار | ڈویژن | ڈویژن ذمہ داران | صوبائی ذمہ دار، ہر ماہ ہر ڈویژن میں جاکر ڈویژن ذمہ دار کا بالمشافہ اِنفرادی (One To One) مدنی مشورہ کریں گے۔ | ہر مدنی مشورہ تقریباً 2 گھنٹے |
| 9 | صوبائی ذمہ دار | ڈویژن | ڈویژن ذمہ داران | پنجاب اور انٹیریئر سندھ کے صوبائی ذمہ دار، شعبے کا ماہانہ مدنی مشورہ (2 ماہ آن لائن، تیسرے ماہ بالمشافہ) کریں گے، بقیہ صوبائی ذمہ داران ہر ماہ بالمشافہ مدنی مشورہ کریں گے۔ | تقریباً 8 گھنٹے |
| 10 | صوبائی ذمہ دار | ڈویژن | ڈویژن + ڈسٹرکٹ + میٹروپولیٹن (سٹی) ذمہ داران (ڈویژن وائز) | صوبائی ذمہ دار ہر 3 ماہ بعد بالمشافہ مدنی مشورہ کریں گے (کراچی اور اسلام آباد کے علاوہ) | 3 سے 4 گھنٹے |
| 11 | ڈویژن ذمہ دار | ڈویژن | ڈسٹرکٹ + میٹروپولیٹن (سٹی) ذمہ داران | ڈویژن ذمہ دار، ڈسٹرکٹ اور میٹروپولیٹن (سٹی) ذمہ داران کا ہر ماہ بالمشافہ مدنی مشورہ کریں گے۔ | 2 سے 3 گھنٹے |
| 12 | ڈویژن ذمہ دار | ڈسٹرکٹ | ڈسٹرکٹ ذمہ دار + تحصیل / ٹاؤن ذمہ داران | ڈویژن ذمہ دار، ڈسٹرکٹ ذمہ دار + تحصیل / ٹاؤن ذمہ داران کا ہر 3 ماہ بعد بالمشافہ مدنی مشورہ کریں گے۔ | 3 گھنٹے |
| 13 | ڈسٹرکٹ / میٹروپولیٹن سٹی ذمہ دار | ڈویژن | تحصیل / ٹاؤن ذمہ داران | ہر ماہ بالمشافہ مدنی مشورہ | 2 سے 3 گھنٹے |

# ذیلی شعبہ 12 دینی کام (مدرسۃ المدینہ بوائز)

## Sub Department 12Deeni Kaam(MTM Boys)

# SOP'S

**STANDARD OPERATING PROCEDURES**



Compliance & Documentation Department(Paskistan Mushawrat Office)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

**فرمانِ مصطفٰے** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔﴿المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: 5942، ج6، ص185﴾

**دعوت اسلامی کا مدنی مقصد**(Vision of Dawat-e-Islami)۔ مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم

1. **تعارف**(Introduction)
2. **بنیادی کام**(Core Activities)
3. **دینی کام**(Religious Activities)
4. **ڈیٹا ورپورٹنگ**(Data & Reporting)

## 1. تعارف(Introduction)

### 1.1. شعبے کے اغراض ومقاصد (Departmental Objectives)

1.1.1. طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مدرسۃ المدینہ (Boys) کے طلباء، اساتذہ، ناظمین ودیگر اسٹاف کے ذریعے اہلِ علاقہ ودیگر عاشقانِ رسول میں 12 دینی کام کرنا نیز عاشقانِ رسول کو دعوت اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ (Connect) کرنا۔

### 1.2. دائرہ کار (Scope)

1.2.1. پاکستان بھر میں شعبے کے طے شدہ کاموں کو ان کے اہداف(Targets) کے مطابق مکمل کرنا۔

### 1.3. تنظیمی ڈھانچہ(Organogram)

»رکنِ شوریٰ» نگران مجلس» ذیلی شعبہ نگران مجلس» صوبائی ذمہ دار» ڈویژن ذمہ دار




## 2. بنیادی کام(Core Activities):۔

### 2.1. ملاقات وانفرادی کوشش:

2.1.1. مدارس المدینہ (Boys) میں زیرِ تعلیم وسابقہ طلباء، اُن کے سرپرست، مقامی مجلس، اہلِ علاقہ اور دیگر عاشقانِ رسول سے ملاقات کرنا نیز انفرادی کوشش کے ذریعے 12 دینی کام کرنے اور دینی کاموں میں شرکت کرنے کا ذہن دینا۔ (فرمانِ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ دعوتِ اسلامی کا 99.99% دینی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے)

2.1.2. مختلف دینی تحریکوں (نمازی بناؤ تحریک، مسجد بھرو تحریک وغیرہ) میں شرکت کی دعوت دینا نیز دینی ماحول سے وابستہ کرنے کی کوشش (Strive) کرنا۔

2.1.3. سابقہ حُفاظ ،ناظرہ خواں ، یا کسی وجہ سے چھوڑ جانے والے طلباء کرام کو UC/تحصیل /ٹاؤن نگران کی مشاورت و اجازت (Consultation & Permission) سے ان کی اہلیت اور صلاحیتوں(Abilities and Skills)کے مطابق تنظیمی/دینی کاموں کی ذمہ داریاں دینااور متعلقہ ناظمین کو اپڈیٹ کرنا۔

2.1.4. طلباء کو دینی کاموں میں فعّال(Active) کرنے کے لئے مدنی مشوروں/اجتماعات وغیرہ میں شرکت کروانا نیز بعدِ مدنی مشورہ/اجتماع ذِمہ داران سے ملاقات کروانا اور نگران وذِمہ داران کے ذریعے حوصلہ افزائی(Encourage) کروانا۔

## 2.2. فجر کیلئے جگائیں:

2.2.1. طلبا کو روزانہ باقاعدگی سے فجر میں جگانے کیلئے درجہ سطح پر ایک ذمہ دار مقرر کرنا۔

2.2.2. رہائشی مدارس المدینہ (Boys) کے درجات(Classes) میں جا کر طلباء کو جگانے کا اہتمام کرنا۔

2.2.3. مدرسۃ المدینہ(Boys) کے طلباء کے ذریعے قریبی علاقے میں عاشقانِ رسول کو فجر کیلئے جگانا۔

2.2.4. شعبے کی طرف سے طے شدہ الفاظ کے مطابق ہی عاشقانِ رسول کو فجر کے لئے جگانے کا اہتمام کرنا۔

2.2.5. طلباء کو فجر کے لئے جگانے کی اہمیت واخروی فوائد کیساتھ ساتھ طبّی فوائد(Health Benefits) سے بھی آگاہ کرنا (مثلاً پیدل چلنے سے سانس پھولنے کی بیماری سے عافیت ہے، ذہنی دباؤ(Depression) کم کرتا ہے اور پیدل چلنے سے وزن میں اعتدال(Balance) رہتا ہے وغیرہ)۔

**نوٹ**: دینی کام "فجر کے لئے جگائیں" کیلئے میگافون (Megaphone) کا استعمال نہ کیا جائے۔

## 2.3. تفسیر سننے/سنانے کا حلقہ:

★ فرمانِ مصطفٰی ﷺ: قرآنِ پاک سیکھنا، اس کی کثرت سے تلاوت کرنا اور اس کے عجائبات میں غور و فکر کرنا اپنے اوپر لازم کرلو، اس کے ذریعہ تم جنت میں (بلند) درجات کو حاصل کرلوگے۔ (کنزالعمال، کتاب الاذکار، الباب السابع فی تلاوۃ القرآن وفضائلہ، ۱/۲۶۶، حدیث: ۲۳۶۵)

2.3.1. تفسیر سننے /سُنانے کے حلقے میں 4 جُز ہیں۔1: قرآنِ پاک کی تین آیات مع ترجمہ و تفسیر 2: فیضان سنت سے ترتیب وار چار صفحات 3: منظوم شجرہ شریف 4: دعا۔

2.3.2. رہائشی مدارس المدینہ (Boys) کے طلبا میں قریبی/اطراف کی مساجد تقسیم کرنا اور ان مساجد میں طلباء کے ذریعے تفسیر سننے ، سنانے کے حلقے لگوانا۔

2.3.3. طلباء کرام صراط الجنان/خزائن العرفان/نور العرفان سے دیکھ کر تفسیر بیان کرنے کا پابند کرنا۔

2.3.4. تفسیر سننے ، سُنانے کے حلقے کے چاروں مختلف کاموں میں چار مختلف طلباء کو منتخب کیا جاسکتا ہے۔

2.3.5. تفسیر سننے ، سنانے کے حلقے میں شرکت کرنے والے اسلامی بھائیوں کو 12 دینی کاموں میں سے کم از کم کوئی ایک دینی کام پابندی سے کرنے کا ذہن دینا۔

2.3.6. مقیم وغیر مقیم طلباء ، ناظمین ومدرسین اور دیگر سٹاف کو روزانہ تفسیر سننے/سنانے کے حلقے میں شرکت (Participation) کی ترغیب دلانا۔

2.3.7. مدارس المدینہ (Boys) کی قریبی مساجد کا جائزہ لینا، جن مساجد میں تفسیر سننے/سنانے کا حلقہ نہیں لگ رہا وہاں جلد شروع کروانا۔

2.3.8. مدارس المدینہ (Boys) کے اطراف میں اگر ایسی مساجد ہو جہاں حلقے لگانے کی اجازت نہیں تو ایسی صورت میں کسی کے گھر، ہوسٹل یا دوکان وغیرہ پر اہتمام (Arrangements) کرنا۔

2.3.9. تفسیر سُننے ، سُنانے کے حلقے کے بعد شرکاء میں سے کوئی شرعی سوال پوچھے تو اگر 100 فیصد دُرست مسئلہ معلوم ہو تو بتانے میں حرج نہیں ورنہ دارالافتاء اہلسنت سے رہنمائی کیلئے رابطہ کرنے کا مشورہ دیا جائے۔

**نوٹ**: بعدِ فجر مسجد میں لگنے والے تفسیر سننے، سنانے کے حلقے کی کارکردگی شمار کی جائے گی جبکہ شخصیات کے گھروں، دکانوں وغیرہ پر لگائے جانے والے تربیتی حلقے کی کارکردگی تفسیر سننے، سنانے کے حلقے میں شمار نہیں کی جائے گی۔ البتہ اگر مسجد میں اجازت نہ ہونے کی وجہ سے قریبی گھر یا دوکان وغیرہ میں لگایا گیا ہو تو اس کی کارکردگی شمار کی جائے گی۔

## 2.4. درس:

★ فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ :۔جو شخص میری اُمّت تک کوئی اسلامی بات پہنچائے تاکہ اُس سے سنّت قائم کی جائے یا اُس سے بدمذہبی دور کی جائے تو وہ جنّتی ہے۔ (جامع صغیر، ص510، حدیث8363)

2.4.1. رہائشی و غیر رہائشی طلباء (جو درس دینے کی صلاحیت رکھتے ہوں ان) کو روزانہ 2 درس (گھر درس/مسجد/دوکان اور چوک جہاں سہولت ہو وہاں) دینے اور شرکت کرنے کا ذہن دینا۔

### مسجد درس:

2.4.2. طلباء کرام میں درس دینے کیلئے مساجد کی تقسیم (Distribute) کرنا اور روزانہ کی بنیاد پر مساجد میں درس دِلوانا۔ (ایک مسجد میں 3 طلباء مقرر کئے جائیں جس میں سے ایک درس دینے والا اور دو کو خیر خواہ بنایا جائے)

2.4.3. مسجد درس کیلئے مسجد میں ایسی جگہ کا انتخاب کرنا جہاں دیگر نمازیوں اور تلاوت کرنے والوں کو مشکل کا سامنا نہ ہو۔

2.4.4. 2 خیر خواہ طلباء مقرر کرنا جو درس کے موقع پر جانے والوں کو نرمی سے روکیں اور سب کو درس دینے والے اسلامی بھائی کے قریب قریب بٹھائیں۔

2.4.5. درس کے دوران مبلغ اسلامی بھائی کی آواز اتنی آہستہ (Low) نہ ہو کہ حاضرین کے لئے سننا مشکل (Difficult) ہو جبکہ اتنی بلند بھی نہ ہو کہ نمازیوں کو تکلیف ہو۔

2.4.6. درس دینے سے پہلے کم از کم ایک بار مطالعہ کرنے اور درس ہمیشہ ٹھہر ٹھہر کر دھیمے انداز میں دینے کی ترغیب دِلانا۔

2.4.7. مُعَرَّب الفاظ (جن لفظوں پر زبر، زیر، پیش ہو) کو اعراب کے ساتھ ہی ادا (Pronounce) کرنا۔

2.4.8. جو کچھ لکھا ہو وہی پڑھ کر سنانا اپنی طرف سے خلاصہ نہ کرنا۔

2.4.9. آیات و عربی عِبارات کا صِرف ترجمہ پڑھنا۔

2.4.10. درس کے آخر میں شرکاء عاشقانِ رسول کو ہفتہ وار اجتماع و قافلوں میں شرکت کرنے کا ذہن دینا۔

2.4.11. ایک مسجد میں مدارس المدینہ (Boys) کے طلباء ایک سے زائد درس دیں تو ایک ہی درس شمار کیا جائے گا۔ (لہٰذا ہر طالبِ علم کو درس کیلئے الگ الگ مسجد دی جائے)

### چوک درس:

❖ مسجد اور گھر کے علاوہ جس بھی مقام (چوک، بازار، اسکول، کالج اور ادارے وغیرہ) میں درس دیا جاتا ہے اُسے دعوت اسلامی کی اصطلاح (Term) میں چوک درس کہتے ہیں۔

2.4.12. چوک درس کیلئے مقام اور وقت مقرر کرنا اور مقرر کردہ وقت (Fixed Times) میں چوک درس دینا۔

2.4.13. چوک درس کیلئے ایسا مقام مقرر کرنا جہاں زیادہ سے زیادہ عاشقانِ رسول کی شرکت ہو سکے۔

2.4.14. چوک درس کسی بھی نماز کے وقت اذان سے پہلے دیا جا سکتا ہے۔

2.4.15. چوک درس کا کُل دورانیہ (اعلان، درس و دعاء) 7 منٹ تک ہوگا۔

2.4.16. چوک درس سے پہلے خیر خواہ اسلامی بھائی قُرب و جوار میں موجود عاشقانِ رسول اور راہ گیروں کو جمع کریں۔

2.4.17. جو اسلامی بھائی نماز باجماعت کیلئے تیار ہوں ان کو اپنے ساتھ مسجد میں لے جائیں۔

2.4.18. چوک درس میں عاشقانِ رسول کو ہفتہ وار اجتماع اور ہفتہ وار مدنی مذاکرے میں شرکت کرنے کی دعوت دینا۔

2.4.19. چوک درس کے دوران اذان ہو جانے پر خاموش ہو کر اذان کا جواب دینا۔

اَذان مکمل ہونے پر شرکاء چوک درس سننے والے عاشقانِ رسول کو حکمتِ عملی سے مسجد میں لے جانا اور سنّت قبلیہ کے ساتھ ساتھ فرائض باجماعت پہلی صف میں تکبیر اولیٰ کے ساتھ نماز ادا کرنا۔

### گھر درس:

2.4.20. غیر مقیم طلباء کو روزانہ گھر درس دینے کا ذہن دینا۔

2.4.21. سرپرستوں کے ذریعے گھر درس کی کارکردگی لینا نیز انہیں گھر درس دینے/سُننے کی ترغیب دِلانا۔

### 2.5. بعد درس ملاقات کا طریقہ و احتیاطیں:

2.5.1. درس کے بعد کھڑے کھڑے نہیں بلکہ بیٹھ کر خندہ پیشانی کے ساتھ درس میں شرکت کرنے والے اسلامی بھائیوں سے ملاقات کرنا۔

2.5.2. چند اسلامی بھائیوں کو اپنے قریب بٹھائیں اور انفرادی کوشش کے ذریعے انہیں نیک اعمال اور قافلوں کی برکتیں بتائیں۔(بیٹھ کر ملنے میں حکمت یہ ہے کہ کچھ نہ کچھ اسلامی بھائی ہو سکتا ہے آپ کے ساتھ بیٹھے رہیں ورنہ کھڑے کھڑے ملنے والے عموماً چل پڑتے ہیں اور یوں انفرادی کوشش کی سعادت سے محرومی ہو سکتی ہے)

2.5.3. استقامت سے درس میں شرکت کرنے والے وہ اسلامی بھائی (جو اردو پڑھنا جانتے ہوں ان) کو درس دینے کا طریقہ کار سکھانا نیز ان کو دیگر قریبی مساجد/چوک/گھر درس دینے کا ذہن دینا۔

2.5.4. ملاقات کا دورانیہ پیشِ نظر رکھیں۔ ایسا نہ ہو کے سامنے والے کی کیفیت کا اندازہ لگائے بغیر ملاقات اتنی طویل کر دی جائے کہ وہ آئندہ دیکھتے ہی راستہ بدل لے، لہٰذا اگر کوئی ملاقات میں بوریت محسوس کرے مثلاً بار بار گھڑی دیکھے، موبائل چیک کرے، بات توجہ سے سننے کے بجائے ادھر اُدھر دیکھنے میں مصروف رہے یا اپنی ذاتی مصروفیت کا اظہار کرے تو آئندہ ملاقات کرنے کا عزم ظاہر کر کے الوداعی مصافحہ کر لیجئے۔

### 2.6. مدرسۃ المدینہ بالغان:

2.6.1. ایسے طلباء جو درست مخارج کے ساتھ قرآن پاک پڑھ سکتے ہیں اِن کو مساجدِ دعوت اسلامی و عاشقان رسول کی دیگر مساجد میں مدرسۃ المدینہ بالغان لگانے کا ذہن دینا۔

2.6.2. طلباء کے مُدرِّس ٹیسٹ دِلوانا اور ٹیسٹ میں کامیاب ہونے والے طلباء کو مدرسۃ المدینہ بالغان لگانے کیلئے مساجد و مارکیٹس وغیرہ تقسیم کرنا۔

2.6.3. مدارس المدینہ (Boys) میں پڑھنے والے طلباء کے رہائشی علاقوں میں موجود مساجد کی لسٹیں تیار کرنا اور اِن میں مدرسۃ المدینہ بالغان لگوانے کی کوشش کرنا۔

2.6.4. مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھنے والے عاشقانِ رسول کی شرعی و اَخلاقی تربیت کرنا نیز ان کی اہلیت کے مطابق دینی کاموں کی ذمہ داریاں دینا۔

2.6.5. مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھنے والے اسلامی بھائیوں کی ہفتہ وار اجتماع و دیگر دینی کاموں میں شرکت کروانا۔

2.6.6. مدرسۃ المدینہ بالغان کے طے شدہ جدول (جدول برائے مسجد/جدول برائے مارکیٹ و تعلیمی ادارے) کی پابندی کرنا۔

2.6.7. عاشقانِ رسول کی سہولت کے مطابق ان کے گھر/قریبی مسجد میں مدرسۃ المدینہ بالغان لگوانا۔

2.6.8. غیر حاضر طلباء سے رابطہ کرنا نیز بیماری و پریشانی کی حالت میں شعبہ روحانی علاج کے ذریعے اوراد و وظائف لینے کی ترغیب دِلانا۔

**نوٹ**: مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھانے والے طلباء کا ضرورتاً اجارہ بھی کروایا جا سکتا ہے۔

## 2.7. ہفتہ وار اجتماع:

2.7.1. ممکنہ صورت میں مدارس المدینہ (Boys) کے طلباء (بالخصوص رہائشی طلباء) کو ہفتہ وار اجتماع کی 3 رکنی مجلس میں شامل کرنے کی کوشش کرنا۔

2.7.2. اجتماع کے لئے روانہ ہونے سے پہلے جو اسلامی بھائی جمع ہوں ان میں درس شروع کرنا۔

2.7.3. طلباء کو سرپرستوں کے ساتھ ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کرنے کا ذہن دینا۔

2.7.4. ہر مدرسۃ المدینہ سطح سے ہفتہ وار اجتماع کیلئے گاڑیوں (بس، ویز اور رکشے وغیرہ) کا اہتمام کرنا۔

2.7.5. دورانِ سفر ویگن/بس میں نعتیہ کلام، بیان یا مدنی مذاکرہ سننے کا اہتمام کرنا۔

2.7.6. ممکنہ صورت میں ہفتہ وار اجتماع کی گاڑی میں ایک کو نگران اور ان کے ساتھ دو عاشقانِ رسول کو ان کا رفیق بنانا۔

2.7.7. مدارس المدینہ (Boys) کے طلباء کو ہفتہ وار اجتماع میں تلاوت، نعت، بیان و صلوۃ السلام وغیرہ میں حصّہ لینے کی ترغیب دِلانا۔

2.7.8. ایسے عاشقان رسول جو نعت و بیان وغیرہ میں حصّہ لینے کے خواہشمند ہوں ان کے ٹیسٹ دِلوانا نیز قریبی ہفتہ وار اجتماع میں ان کا جدول بنوانے کی کوشش کرنا۔

2.7.9. ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماعات میں مدارس المدینہ (Boys) کی اسٹینڈی لگوانا اور طلباء کو اُسی جگہ بیٹھنے کا ذہن دینا۔

2.7.10. ہفتہ وار اجتماع کے بعد طلباء اور ان کے سرپرست حضرات میں سیکھنے سکھانے کے حلقے لگانا۔

2.7.11. اجتماع سے واپسی پر بیان کے نکات کی دہرائی کروانا اور سوال و جواب کا سلسلہ کرنا۔

**نوٹ: گاڑی کی چھت، پائیدان یا سیڑھیوں پر سفر نہ کروائیں۔ قانوناً بھی اس کی اجازت نہیں**

## 2.8. ہفتہ وار مدنی مذاکرہ:

2.8.1. طلباء کو ہر ہفتے مدنی چینل کے ذریعے مدنی مذاکرہ دیکھنے کا ذہن دینا۔

2.8.2. مدارس المدینہ (Boys) کے مقام پر اجتماعی مدنی مذاکرہ دیکھنے کا اہتمام کرنا۔

2.8.3. طلباء کے سوالات پیشگی ریکارڈ کرنا اور کم از کم 15 دن پہلے شعبہ مدنی چینل کے طریق کار کے مطابق (بذریعہ میل یا واٹس ایپ وغیرہ) سینڈ کرنا۔

2.8.4. طلباء اور اِن کے سرپرست کی اجتماعی مدنی مذاکرے میں شرکت کروانے کی کوشش کرنا۔

2.8.5. طلباء کو مدنی مذاکرہ میں نوٹ بک و قلم کے ساتھ شرکت کرنے کا ذہن دینا۔

2.8.6. اجتماعی مدنی مذاکرے میں طلباء کیلئے موسم کے مطابق (سردیوں میں ہیٹر، گرمی میں ٹھنڈا پانی اور لائٹ ساؤنڈ وغیرہ) پیشگی انتظامات کرنا۔

2.8.7. مدنی مذاکرہ میں اہم گفتگو کے دوران خیر خواہی نہ کی جائے بالخصوص جب شرعی مسائل (فقہی، حلال و حرام کے مسائل وغیرہ) ہو رہے ہوں۔

2.8.8. ناظم مدارس المدینہ (Boys) کے ذریعے ہفتہ وار مدنی مذاکرے کی دہرائی کروانا نیز طلباء سے مدنی مذاکرہ میں ملنے والی شرعی، طبّی، تاریخی و تنظیمی رہنمائی پر سوالات و جوابات کا سلسلہ کرنا۔

2.8.9. طلباء کو سابقہ مدنی مذاکرے دیکھنے/سننے کا ذہن دینا نیز اہداف دینا اور اِس کی کارکردگی لینا۔

نوٹ: سابقہ مدنی مذاکرے دعوت اسلامی کی ویب سائٹ (www.dawateislami.net) / www.ilyasqadri.com سے ڈانلوڈ/آن لائن دیکھے اور سُنے جا سکتے ہیں۔

## 2.9. مساجد/مدارس المدینہ (Boys) میں مدنی مذاکرہ دیکھنے کی شرعی احتیاطیں:

2.9.1. مساجد کے ساتھ باقاعدہ مستقل الگ عمارات کی صورت میں جو مدارس المدینہ (Boys) ہیں ان میں مدنی چینل چلانے کی اجازت ہے۔

2.9.2. درج ذیل 4 جگہوں پر مدنی چینل چلانے کی اجازت نہیں۔

1. وہ خارج مسجد حصہ جو مسجد کے پلاٹ کی چار دیواری میں ہو، خواہ وہ محراب کے آگے ہو یا مسجد کے دائیں یا پیچھے، خواہ جگہ کم ہو یا زیادہ ہو۔

2. ایسے مدارس المدینہ (Boys) جو اپنی شرعی حیثیت سے تو مستقل مدارس ہیں لیکن اپنی بناوٹ کے اعتبار سے مسجد کا حصہ نظر آتے۔

3. ایسے مدارس المدینہ (Boys) جہاں ایک ہی عمارت کے اوپر یا نیچے والے کسی ایک پورشن میں مسجد کی نیت ہو اور دوسرے پورشن میں مدرسۃالمدینہ (Boys) کی نیت ہو۔

4. مساجد میں فنائے مسجد کے وہ حصے جہاں بچوں کی کلاسز لگتی ہیں۔

**نوٹ:** اجتماعی مدنی مذاکرے میں کم از کم 10 شرکاء ہوں اور امیر اہلسنت کی آمد کے بعد 72 منٹ مدنی مذاکرہ میں دیکھا جائے، تو ایسی صورت میں اجتماعی مدنی مذاکرے کا ایک مقام شمار ہوگا، 10 سے کم شرکاء یا 72 منٹ سے کم شرکت کی صورت میں مقام شمار نہیں کیا جائے گا۔

### 2.10 **علاقائی دورہ:**

❖ علاقائی دورہ میں کم از کم 7 اور زیادہ سے زیادہ 12 افراد ہوں، جن میں سے 2 مسجد میں رکے اور 5 عاشقانِ رسول علاقائی دورہ کریں۔

2.10.1. علاقائی دورہ کیلئے ایک نگران، ایک راہ نُما، ایک داعی اور ایک یا دو خیر خواہ مقرر کرنا۔

2.10.2. علاقائی دورہ کرنے سے پہلے مسجد سے باہر کھڑے ہو کر دُعا کرنا، مسجد کے قریب قریب گھروں، دوکانوں اور مقیم اسلامی بھائیوں سے سلام و مصافحہ کرنا اور نیکی کی دعوت پیش کرنا۔

2.10.3. جو عاشقانِ رسول کچھ فاصلے پر ہوں انہیں خیر خواہ قریب لانے کی کوشش کریں۔

2.10.4. مسجد میں چلنے کیلئے تیار ہونے والے عاشقانِ رسول کو مسجد تک پہنچانا۔

2.10.5. مسجد میں جانے کے لئے تیار ہونے والے عاشقانِ رسول کے ساتھ اذانِ مغرب سے 26 منٹ پہلے مسجد میں پہنچنا۔

2.10.6. نماز کے بعد درس و بیان کرنا اور بعدِ بیان نمازی عاشقانِ رسول سے ملاقات کرنا۔

2.10.7. علاقائی دورہ میں شریک طلباء کرام کا دو قطار (Lines) میں چلنا۔

2.10.8. آپس میں بات چیت نہ کرنا۔

2.10.9. راستے میں ایک طرف چلنا۔

2.10.10. ہاتھوں میں تسبیح اور لب پر درود سلام جاری رکھنا۔

2.10.11. بازار میں ایک طرف کھڑے ہو کر نیکی کی دعوت دینا۔

2.10.12. واپسی پر استغفار پڑھتے ہوئے مسجد میں آنا۔

**2.10.13. علاقائی دورہ درج ذیل مواقع پر کیا جاتا ہے:** علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، علاقائی دورہ برائے ہفتہ وار اجتماع، علاقائی دورہ برائے مدرسۃالمدینہ بالغان، علاقائی دورہ برائے قافلہ، علاقائی دورہ برائے ہفتہ وار مدنی مذاکرہ، علاقائی دورہ برائے ٹیلی تھون وغیرہ۔ (ایونٹس پر ہونے والے علاقائی دورے سے اپنے متعلقہ ڈسٹرکٹ/ڈویژن نگران کو آگاہ کیا جائے)

**نوٹ!** علاقائی دورہ کا بہترین وقت عموماً عصر تا مغرب، جمعہ کے دن نمازِ جمعہ سے پہلے اور رمضان المبارک میں نمازِ ظہر سے پہلے ہے۔

پاکستان مشاورت آفس
Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)

### 2.11. ایک دن راہِ خدا میں:

2.11.1. طلباء، اساتذہ، ناظمین و دیگر اسٹاف وغیرہ کو ہر ہفتہ وار چھٹی پر شہر کے نئے/دینی کاموں کے لحاظ سے کمزور علاقوں، نیو سوسائیٹیز اور اطراف کے علاقوں کی مساجد میں اعتکاف کرنے کی ترغیب دِلانا۔

2.11.2. طلباء کیلئے "ایک دن راہِ خدا میں" گزارنے کیلئے مساجد کی سمتوں کی لسٹیں تیار کرنا، طلباء میں مساجد تقسیم کرنا اور طلباء کے گروپس بنا کر روانہ کرنا۔

2.11.3. ایک دن راہِ خدا میں کم از کم 5 اور زیادہ سے زیادہ 10 اسلامی بھائی ہوں۔ (10 سے زیادہ کی صورت میں 2 مقامات پر اعتکاف کروایا جائے)

**جدول** (ایک دن راہِ خدا میں)

| # | جدول | دورانیہ | # | جدول | دورانیہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جدول اعلانات کی دہرائی اور مدنی مشوروں کا حلقہ | صبح 9:30تا100 | 8 | نماز کے احکام حلقہ | 30منٹ |
| 2 | مدنی مقصد کا بیان | 10:30تا1:00 | 9 | درس و بیان سیکھنے کا حلقہ | 19منٹ |
| 3 | انفرادی عبادت و مختصر نیکی کی دعوت کا حلقہ | 11:00تا10:30 | 10 | دعاؤں کا حلقہ | 19منٹ |
| 4 | انفرادی کوشش کا حلقہ | 12:00تا11:00 | 11 | وقفہ آرام | نمازِ عصر تک |
| 5 | سنتیں اور آداب سیکھنے کا تربیتی حلقہ | 12:30تا12:00 | 12 | بعدِ عصر اعلان، بیان، علاقائی دورہ | عصر تا مغرب |
| 6 | وقفہ طعام و چوک درس | 12:30 تا ظہر | 13 | بعدِ مغرب بیان | 12منٹ |
| 7 | بعدِ ظہر درس | 7 منٹ | | | |

**جدول کا کل دورانیہ: صبح 9:25 تا بعدِ مغرب بیان**

2.11.4. ایک دن راہِ خدا میں کا پیشگی جدول تیار کرنا و دیگر انتظامات (سفری اخراجات وغیرہ) کرنا۔

2.11.5. "ایک دن راہِ خدا میں" مکمل ہونے پر کارکردگی فارم ضرور پُر کرنا۔

Pakistan Mushawrat Office (Dawateislami)

**نوٹ:** "ایک دن راہِ خدا میں" گزارنے والے عاشقانِ رسول جس وقت مسجد میں پہنچیں اسی وقت کے مطابق جدول پر عمل کریں۔

**نوٹ:** جمعہ/ظہر تا مغرب یا عصر تا مغرب (جہاں جیسی صورت ہو اسی کے مطابق) اعتکاف ("ایک دن راہِ خدا میں") کیا جا سکتا ہے۔

### 2.12. ہفتہ وار رسالہ:

2.12.1. طلباء و سرپرست کو امیرِ اہلسنت کی طرف سے عطا کردہ ہفتہ وار رسالہ پڑھنے/سننے کا ذہن دینا۔

2.12.2. واٹس ایپ گروپس بنانا اور ان گروپس میں ہفتہ وار رسالہ PDF/Audio کی صورت میں سینڈ کرنا۔

**نوٹ:** کلاسز اور درس (گھر درس، چوک درس، مسجد درس وغیرہ) میں رسالہ پڑھنے/سننے کی صورت میں یہ خیال رکھا جائے کہ جتنے طلبا/افراد نے مکمل سُنا ہو اُنہی کی کارکردگی شمار کی جائے۔

### 2.13. نیک اعمال:

- ❖ مدارس المدینہ (Boys) کے طلباء کیلئے 40/72 نیک اعمال کے رسائل مقرر ہیں۔

2.13.1. طلباء میں نیک اعمال کے رسائل تقسیم کرنا نیز نیک اعمال موبائل ایپلیکیشن کا تعارف کروانا اور ڈانلوڈ کروانا۔

2.13.2. طلباء کو شریعت پر عمل کرنے اور سنتوں کا پیکر بنانے کیلئے نیک اعمال کا رسالہ روزانہ پُر کرنے کا ذہن دینا۔

2.13.3. ایسے طلباء جو 12 ماہ کے قافلے میں سفر کریں وہ 72 نیک اعمال کا رسالہ پُر کریں۔

### 2.14. قافلہ:

2.14.1. طلباء کرام کو 3 دن/ایک ماہ/12 ماہ اور عمر بھر کے قافلوں میں سفر کروانے کیلئے سمتیں فکس کروانا۔

2.14.2. مدارس المدینہ (Boys) کی مقررہ تاریخوں اور طے کردہ سمتوں کے مطابق قافلے سفر کروانا۔

2.14.3. قافلہ میں شرکاء کی تعداد کم از کم 7 اور عمر کم از کم 22 سال ہو۔ البتہ ! وہ اسلامی بھائی جن کی عمر 20 سال سے کم ہے لیکن دیکھنے میں 20 سال یا اس سے زیادہ کے معلوم ہوں تو ان کو بھی اجازت ہے نیز 10 سال سے زائد سال کے بچوں کو اپنے والد/بڑے بھائی/نانا/دادا/چاچا/تایا/یا ماموں کے ساتھ قافلے میں سفر کی تنظیمی طور پر اجازت ہے۔

2.14.4. مدرسۃ المدینہ (Boys) کی گیس، بجلی، چولہا، برتن اور ماچس وغیرہ قافلے میں استعمال نہیں کر سکتے حتی کہ نمک بھی مدرسۃ المدینہ سے نہ لیا جائے۔

2.14.5. قافلے کے شرکاء اسلامی بھائیوں کو درس کی ترغیب دِلا کر درس دینے کا طریقہ کار سکھانا اور واپسی پر متعلقہ علاقہ مشاورت نگران کے ذریعے کسی مسجد میں انہیں بطور معلم مقرر کروانا۔

### 2.15. مدنی کورسز

2.15.1. مدارس المدینہ (Boys) میں مدنی کورسز کروانے کا پیشگی جدول بنانا۔

2.15.2. طلباء کو مدنی کورسز کرنے کا ذہن دینا اور ایڈمشن کرنا۔

2.15.3. کورسز مکمل کرنے والے طلباء کو سرٹیفکیٹ مہیا کرنا۔

2.15.4. کورسز میں نمایاں آنے والے طلباء کو تحفہ پیش کرنا۔

2.15.5. طلباء کی اہلیت کے مطابق اِن میں تنظیمی ذمہ داریاں تقسیم (Distribute) کرنا۔

### 2.16. مختلف مواقع میں دینی کام

**2.16.1.** ماہِ رجب المرجب اور شعبان المعظم میں دینی کاموں کا جدول: نمازِ تہجد کا باجماعت اہتمام کرنا، سحری کرنا، فجر کیلئے جگانا، نمازِ فجر باجماعت ادا کرنا، تفسیر سننے/سنانے کے حلقے اور اشراق و چاشت کا اہتمام کرنا۔

**2.16.2.** رمضان المبارک میں امیرِ اہلسنت دامت برکاتہ العالیہ کے کلام (وقت سحری کا ہوگیا جاگو) کے ذریعے جگایا جائے (سحری کے بعد فجر کے لئے نہ جگایا جائے کہ عاشقانِ رسول پہلے ہی سے جاگ رہے ہوتے ہیں)

### 2.17. مسجد کی احتیاطیں:

★ **فرمانِ مصطفیٰ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ:۔ مسجدوں کو پاگلوں، بچوں، خرید و فروخت، جھگڑے، آواز بلند کرنے، حدود قائم کرنے اور تلوار کھینچنے سے بچاؤ۔ ان کے دروازوں پر طہارت خانے بناؤ اور جمعہ کے دن مساجد کو دھونی دیا کرو۔** (ابنِ ماجہ، کتاب المساجد والجماعات، باب مایکرہ فی المساجد، 1/ 415، حدیث: 750)

2.17.1. مسجد میں آواز بُلند کرنے، ہنسنے اور کسی بھی قسم کا شور شرابہ کرنے سے بچنا۔

2.17.2. غیر ضروری باتیں یا دنیاوی اُمور پر گفتگو نہ کرنے سے بچنا۔

2.17.3. بدبو والی اشیاء استعمال کرنے اور ایسی خوشبو/دھونی دینے سے بچیں جس سے نمازیوں کو پریشانی ہو سے بچنا۔

2.17.4. مسجد میں داخل ہونے سے پہلے پاؤں، جوتے/چپل کو صاف کرنا۔

2.17.5. مسجد میں موبائل فون کے استعمال سے بچنا نیز مسجد میں موبائل سائیلنٹ/وائبریشن پر لگانا یا بند (OFF) کرنا۔

2.17.6. ممکنہ صورت میں وضو یا غسل گھر سے کرنا۔ (مسجد کا پانی استعمال کرنے سے بچنے کی کوشش کی جائے)

2.17.7. مسجد میں بلا ضرورت کھانے پینے سے بچنا اور ضرورتاً کھاتے وقت بھی احتیاط کرنا۔ (قافلوں میں کھانے کیلئے ایسی جگہ منتخب کی جائے جہاں کھانے پینے سے نمازیوں کو پریشانی نہ ہو اور کھانے کے فوراً بعد اچھی طرح صفائی کی جائے)

2.17.8. مسجد میں ایسے بچوں کو ساتھ نہ لانا جن سے نمازیوں اور ذکر و دعا کرنے والوں کو پریشانی ہو۔

2.17.9. مسجد میں کسی بھی قسم کا کوڑا (خالی پیکٹ وغیرہ) نہ پھینکیں۔

2.17.10. مسجد کی دیوار، فرش یا چٹائی وغیرہ پر تھوکنے، ناک سنکنے یا کان کی میل لگانے سے بچنا۔

2.17.11. وضو کرنے کے بعد اعضائے وضو سے ایک بھی چھینٹ (قطرہ) پانی فرشِ مسجد پر نہ گرے۔ (یاد رہے! اعضائے وضو سے پانی کے قطرے فرشِ مسجد پر گرانا ناجائز و گناہ ہے) (مسجد کا احترام، ص2)

### 2.18. **جدول** (Schedule):

2.18.1. اپنا پیشگی (Advance) و عملی (Practical) جدول، جدول سوفٹ ویئر میں انٹر کرنا۔

2.18.2. ضرورتاً تبدیلی کی صورت میں اپنے نگران کی اجازت (Permission) سے جدول سوفٹ ویئر میں اپ ڈیٹ کرنا۔

**پیشگی جدول کی تاریخیں**

| سطح | عیسوی تاریخ | سطح | عیسوی تاریخ |
|---|---|---|---|
| ذیلی شعبہ نگرانِ مجلس | 17،18 | صوبائی ذمہ داران | 21،22 |
| ڈویژن ذمہ دار | 19،20 | | |

**عملی جدول کی تاریخیں**

| سطح | عیسوی تاریخ |
|---|---|
| تمام ذمہ داران | 1,2,3 |

### 2.19. مدنی مشورے(Meetings):

2.19.1. مدنی مشوروں کی پیشگی اطلاع(Advance Inform) کرنا۔

2.19.2. مدنی مشوروں کیلئے شرکاء کی تعداد کے مطابق پیشگی انتظامات(Advance Arrangements) کروانا اور طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مدنی مشورے کرنا۔

2.19.3. مدنی مشورے کے 19 مدنی پھول اور پاکستان مشاورت آفس سے جاری ہونے والے مدنی پھول پڑھ کر سنانا۔

2.19.4. جدول اور کارکردگی کا جائزہ لینا، اچھی کارکردگی پر حوصلہ افزائی(Encouragement) اور کمزور کارکردگی پر توجہ دلانا۔

2.19.5. مدنی مشورے میں طے ہونے والے اہداف تحریر کرنا، ذمہ داران کو سینڈ کرنا، فالواپ کرنا اور اہداف(Targets) پورا کرنے کی ترغیب(Motivation) دلانا۔

2.19.6. جامعۃ المدینہ (Girls) مدارس المدینہ کے انتظامات کے لئے مقامی مجالس کے مدنی مشورہ میں شرکت کرنا۔

**مدنی مشوروں کا طے شدہ نظام دیکھنے کے لئے آخری صفحے(Last Page) پر فائل ملاحظہ فرمائیے۔**

### 2.20. تقرّری/تبدیلی(Appointments/Transfers) :

2.20.1. ذمہ داران کی تقرری پوری رکھنا ، غیر فعال(Non-Active) کو فعال(Active) کرنا، ضرور تاً ذمہ دار کی تبدیلی طے شدہ طریقہ کار(Set Method) کے مطابق کرنا اور ذمہ داران کی تقرری/تبدیلی کا ڈیٹا اپ ڈیٹ رکھنا۔

### 2.21. خودکفالت(Self-Sufficiency):

2.21.1. شعبے کو ماہانہ کی بنیاد پر 100% خود کفیل(Self-Sufficient) کرنے کیلئے کوشش (Effort) کرنا اور اہداف مقرر کرنا۔(زائد اخراجات کو کم کرنا/مالِ وقف کی اشیاء کی حفاظت مثلاً فون اور بجلی وغیرہ کے استعمال میں احتیاط کرنے سے بھی خود کفالت میں بہتری ممکن ہے)

### 2.22. سنتوں بھرے اجتماعات(Sunnah Inspired Congregations):

2.22.1. عاشقانِ رسول کے سنتوں بھرے اجتماعات (ہفتہ وار اجتماعات ،بڑی راتوں کے اجتماعات، تقسیم اسناد اجتماع) میں بااثر شخصیات اور موجودہ/سابقہ طلبہ ،اساتذہ و ناظمین وغیرہ کی شرکت کروانا نیز شعبے کے تحت ذمہ داران کے سنتوں بھرے اجتماعات کا انعقاد کرنا۔

**نوٹ:** جس بھی شعبے نے ایک یا زائد دنوں کے لیے ذِمہ داران کا سُنّتوں بھرا اجتماع کرنا ہوگا تو نگرانِ مجلس متعلقہ رکنِ شوریٰ کے ذریعے ڈائریکٹ نگرانِ پاکستان مشاورت سے اس کی اجازت لیں گے۔ اجازت ملنے پر سنتوں بھرا اجتماع کیا جائے گا۔

### 2.23. بستے(Stalls):

2.23.1. ہفتہ وار اجتماعات، خاص مواقع(Events) اور عاشقانِ رسول و ذمہ داران کے سنتوں بھرے اجتماعات میں طے شدہ طریقہ کار کے مطابق شعبے کا بستہ لگایا جائے، بستے پر موجود اسلامی بھائی مِلنسار(Sociable)، خوش اخلاق اور یکساں توجہ دینے والا ہو، شعبے کا بینر (اسٹینڈی،Standee) بستے کے قریب رکھا جائے۔

### 2.24. مرید یا طالب:

2.24.1. طلباء، سرپرست و دیگر عاشقانِ رسول کو امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی دینی خدمات(Religious Services) سے آگاہ کرنا اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کا مرید یا طالب بننے کی ترغیب دلانا۔

## 3. ڈیٹا و رپورٹنگ(Data & Reporting):۔

### 3.1. شعبہ کی کارکردگی(Departmental Performance):

3.1.1. شعبے کی کارکردگیاں بنانا نیز دیگر کارکردگیاں طے شدہ فارمیٹ پر لینا، سابقہ کارکردگی سے تقابلی جائزہ(Comparative Analysis) لیتے رہنا اور ترقی و تنزلی پر ذمہ داران کی تربیت کرنا۔

3.2. **ریکارڈ**(Record):

3.2.1. رہائشی، غیر رہائشی مدارس المدینہ (Boys) کی مکمل تفصیلات تیار کرنا نیز مدارس المدینہ (Boys) کے طلباء، اساتذہ، ناظمین و دیگر اسٹاف کے نام و رابطہ نمبر وغیرہ کی فہرستیں بنانا، ریکارڈ محفوظ رکھنا اور نگران کو پیش کرنا۔

3.3. **فیڈبیک** (Feedback):

3.3.1. شعبے کے متعلق تنظیمی شکایات کو حل کرنا، آنے والی تجاویز (Suggestions) پر مشورہ کرنا اور ممکنہ صورت میں نافذ (Implement) کرنا۔

3.3.2. طلباء، اساتذہ و سرپرست کو کوئی مسئلہ درپیش ہو تو وہ اپنے ناظم کو تحریری طور پر پیش کریں، زیادہ تاخیر یا مسئلہ حل نہ ہونے یا اطمینان نہ ہونے کی صورت میں بتدریج (Step by Step) ناظم مدرسۃالمدینہ پھر ڈسٹرکٹ ذمہ دار پھر ڈویژن ذمہ دار، پھر صوبائی ذمہ دار اور پھر نگران مجلس کو پیش کرے، پھر بھی مسئلہ حل نہ ہو تو اپنے شعبہ سے متعلقہ رُکنِ شوریٰ کو پیش کرے، اگر پھر بھی حل نہ ہو تو شعبہ فیڈ بیک (Feedback) پاکستان مشاورت آفس سے رابطہ کیا جائے۔

3.3.3. مدارس المدینہ (Boys) میں فیڈ بیک ڈیپارٹمنٹ کا طے شدہ پینا فلیکس نمایاں جگہ پر آویزاں کروانا۔



madaniphoolpak@dawateislami.net 0310-8882064

## مدنی مشوروں کا نظام

| نمبر شمار | مدنی مشورہ کرنے والے | سطح | شرکاء | مدنی مشورہ کب ہوگا؟ | دورانیہ (عِلاوہ نماز وطعام) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | پاکستان | نگرانِ مجلس (پاکستان) | رکنِ شوریٰ اپنے ہر نگرانِ مجلس کا ہر ماہ انفرادی (One To One) مدنی مشورہ فرمائیں گے۔ (بالمشافہ یا آن لائن ہونا رکنِ شوریٰ کی صوابدید پر ہے) | ہر مدنی مشورہ تقریباً 2 گھنٹے |
| 2 | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | پاکستان مجلس | شعبے کے صوبائی ذِمہ داران | رکنِ شوریٰ ہر 3 ماہ بعد شعبے کے صوبائی ذمہ داران کا بالمشافہ مدنی مشورہ فرمائیں گے۔ (ضرورتاً ایک وقت میں ایک سے زائد شعبہ جات کا مدنی مشورہ بھی ہو سکتا ہے) | 7 سے 8 گھنٹے |
| 3 | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | صوبہ | شعبے کے ڈویژن ذمہ داران (صوبہ وائز) | سال میں 2 بار | تقریباً 5 گھنٹے |
| 4 | شعبے کے رُکنِ شوریٰ | صوبہ | صوبہ تا ڈویژن (جس شعبے کی جو آخری سطح ہو) (صوبہ وائز) | سال میں 1 بار | تقریباً 8 گھنٹے |
| 5 | نگرانِ مجلس (پاکستان) | پاکستان مجلس | صوبائی ذمہ داران | نگرانِ مجلس، ہر صوبائی ذمہ دار کا ہر ماہ بالمشافہ / آن لائن اِنفرادی (One To One) مدنی مشورہ کریں گے۔ (دورانِ جدول جن کا ممکن ہو بالمشافہ مدنی مشورہ کیا جائے، بقیہ کا آن لائن) | تقریباً 2 گھنٹے |
| 6 | نگرانِ مجلس (پاکستان) | پاکستان مجلس | صوبائی ذمہ داران | نگرانِ مجلس، 2 ماہ آن لائن اور ہر تیسرے ماہ بالمشافہ مدنی مشورہ کریں گے۔ | آن لائن 3 گھنٹے بالمشافہ 7 سے 8 گھنٹے |
| 7 | نگرانِ مجلس (پاکستان) | صوبہ وائز | صوبائی ذمہ دار + ڈویژن ذمہ داران (صوبہ وائز) | نگرانِ مجلس، ہر 3 ماہ بعد بالمشافہ مدنی مشورہ کریں گے۔ | 4 سے 5 گھنٹے |
| 8 | صوبائی ذمہ دار | ڈویژن | ڈویژن ذمہ داران | صوبائی ذمہ دار، ہر ماہ ہر ڈویژن میں جا کر ڈویژن ذمہ دار کا بالمشافہ اِنفرادی (One To One) مدنی مشورہ کریں گے۔ | ہر مدنی مشورہ تقریباً 2 گھنٹے |
| 9 | صوبائی ذمہ دار | ڈویژن | ڈویژن ذمہ داران | پنجاب اور انٹیریئر سندھ کے صوبائی ذمہ دار، شعبے کا ماہانہ مدنی مشورہ (2 ماہ آن لائن، تیسرے ماہ بالمشافہ) کریں گے، بقیہ صوبائی ذمہ داران ہر ماہ بالمشافہ مدنی مشورہ کریں گے۔ | تقریباً 8 گھنٹے |

Pakistan Mushawarat Office (Dawateislami)